27-08-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خان

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی نے امریکہ کے صدر جوبائیڈن کے ساتھ فون پر گفتگو کی اور یوکرین اور بنگلہ دیش کے حالات پر تبادلہئ خیال کیا۔

2 وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور برازیل کے اُن کے ہم منصب Mauro Vieira آج نئی دلی میں بھارت- برازیل مشترکہ کمیشن کی نویں میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔

3 جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہوجائے گا۔

4 طبی شعبے سے وابستہ افراد اور اہلکاروں کے تحفظ، سلامتی اور کام کرنے کے حالات سے متعلق قومی ٹاسک فورس کی پہلی میٹنگ آج ہونے والی ہے۔

5 چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلعے میں 25 ماؤنوازوں نے خود سپردگی کردی ہے۔

6 اور

کرکٹ میں خواتین کے ICC ٹی-ٹوئینٹی ورلڈ کپ میں دبئی میں بھارت اپنا پہلا میچ چار اکتوبر کو نیوزی لینڈکے خلاف کھیلے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM US President

وزیراعظم نریندر مودی نے امریکہ کے صدر جوبائیڈن کے ساتھ فون پر گفتگو کی اور یوکرین کی صورتحال سمیت علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہئ خیال کیا۔ جناب مودی کو کَل امریکی صدر کی طرف سے ٹیلی فون کال موصول ہوئی تھی۔ وزیراعظم نے بھارت-امریکہ جامع عالمی کلیدی ساجھیداری کے تئیں صدر بائیڈن کے پختہ عزم کو سراہا، جو جمہوریت، قانون کی عملداری اور عوام سے عوام کے مضبوط رابطوں کی مشترکہ اقدار پر مبنی ہے۔

دونوں رہنماؤں نے باہمی تعلقات میں نمایاں پیشرفت کا جائزہ لیا اور اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت-امریکہ ساجھیداری کا مقصد دونوں ملکوں کے عوام کے ساتھ ساتھ پوری انسانیت کی بہبود ہے۔ جناب مودی اور صدر بائیڈن نے کئی معاملات پر تفصیلی بات چیت کی۔

یوکرین کے حالات پر بات کرتے ہوئے جناب مودی نے صدر بائیڈن کو یوکرین کے اپنے حالیہ دورے سے واقف کرایا۔ انھوں نے بھارت کے اِس موقف کو دوہرایا کہ وہ مذاکرات اور ڈپلومیسی کی وکالت کرتا ہے۔ ساتھ ہی امن و استحکام کی جلد بحالی کے لیے بھرپور تعاون کا بھی اظہار کیا۔

دونوں لیڈروں نے بنگلہ دیش کی صورتحال پر تشویش ظاہر کی اور امن و قانون کی بحالی کے ساتھ ساتھ بنگلہ دیش میں اقلیتوں، خاص طور پر ہندوؤں کے تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے Quad سمیت کثیر ملکی فورموں میں اشتراک کو مزید مستحکم بنانے کے اپنے عہد کو بھی دوہرایا۔x

India Brazil Meeting

وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور برازیل کے اُن کے ہم منصب Mauro Vieira آج نئی دلی میں بھارت- برازیل مشترکہ کمیشن کی نویں میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔

برازیل کے وزیر خارجہ بھارت کے چار دن کے سرکاری دورے پر ہفتے کے روز نئی دلی پہنچے ہیں۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ جناب Vieira کے دورے سے بھارت اور برازیل کے درمیان کلیدی ساجھیداری کو مزید تقویت ملے گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

*بھارت اور برازیل کے وزراءِ خارجہ اِس بارے میں بات کریں گے کہ دونوں ملک کس طرح جی۔ٹوئینٹی کے اُن اہم نتیجوں اور اقدامات کو آگے لے جا سکتے ہیں جو پچھلے سال بھارت کی جی۔ٹوئینٹی صدارت کے تحت سامنے آئے تھے۔ فی الحال جی۔ٹوئینٹی کی صدارت کی ذمہ داری برازیل کے پاس ہے اور وہ اس سال نومبر تک یہ ذمہ داری سنبھالے گا۔ برازیل 18 اور 19 نومبر کو Rio de Janerio میں جی۔ٹوئینٹی رہنماؤں کی سربراہ کانفرنس کی میزبانی کرے گا۔ بھارت اور برازیل کے کثیر رخی تعلقات مشترکہ اقدار پر مبنی ہیں اور برازیل کے وزیر خارجہ کے دورے سے 2006 میں قائم کی گئی کلیدی ساجھیداری کو مزید مستحکم بنانے کا موقع ملے گا۔*

*Sharanya کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان۔*

Farakka Barrage

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ Farakka Barrage کے پھاٹک کھولنا موسم کے اعتبار سے ایک معمول کا واقعہ ہے جس کے ذریعے دریا کے پانی کا بہاؤ اور گنگا اور پدما دریا میں اُس کے فطری راستے سے آتا ہے۔Farakka Barrage کے پھاٹک کھولے جانے کے بارے میں میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ دریائے گنگا کے طاس کے نشیبی علاقوں میں موسلا دھار بارش کی وجہ سے پانی کا بہاؤ بڑھنے کے سبب ایسا ہوتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ Farakka صرف ایک بیراج ہے کوئی باندھ نہیں اور جب بھی پانی کی سطح ایک مخصوص مقام تک پہنچتی ہے، پانی وہاں سے گزرتا ہے۔x

J&K Nomination

جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہوجائے گا۔ اِس مرحلے میں اگلے مہینے کی 18 تاریخ کو چھ

ضلعوں میں پھیلے ہوئے 24 حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کَل کی جائے گی اور اس مہینے کی 30 تاریخ تک نام واپس لیے جا سکیں گے۔

بقیہ دو مرحلوں کی ووٹنگ اگلے مہینے کی 25 تاریخ کو، اور پہلی اکتوبر کو ہوگی۔ نتیجوں کا اعلان چار اکتوبر کو کیا جائے گا۔

جموں و کشمیر میں 87 لاکھ 9 ہزار رائے دہندگان ہیں، جن میں 44 لاکھ 46 ہزار مرد اور 42 لاکھ 62 ہزار  خواتین ہیں۔ تین لاکھ 71 ہزار ایسے ووٹر ہیں، جو پہلی مرتبہ ووٹ دے سکیں گے۔ نوجوان رائے دہندگان کی تعداد 20 لاکھ 70 ہزار ہے۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر میں 90 اسمبلی حلقوں میں سے 74 حلقے عام زمرے کے ہیں جبکہ 7 سیٹیں درج فہرست ذاتوں کے امیدوروں کے لیے اور 9 سیٹیں درج فہرست قبیلوں کے امیدواروں کے لیے مخصوص ہیں۔x

Cong-J&K List

کانگریس نے جموں و کشمیر اسمبلی انتخابات کے لیے 9 امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے اپنے لیڈر غلام محمد میر کو Dooru اسمبلی سیٹ سے کھڑا کیا ہے جبکہ شیخ ریاض ڈوڈہ سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔

پردیپ کمار بھگت، ڈوڈہ ویسٹ اسمبلی حلقے سے کانگریس کے امیدوار ہوں گے۔x

J&K Sveep

جموں و کشمیر میں رائے دہندگان کو چناؤ عمل سے واقف کرانے اور اِس میں شمولیت کے منظم پروگرام کے تحت کَل اودھم پور سے Patnitop تک ایک بڑی سُپر بائک ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اودھم پور کے ضلع چناؤ افسر کی نگرانی میں اِس پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ مذکورہ پروگرام کے Banners سے آراستہ 60 سپر Bikes نے انتخابی بیداری کو فروغ دینے کے مشن میں حصہ لیا۔x

Champai Soren BJP

جھارکھنڈ کے سابق وزیراعلیٰ اور جھارکھنڈ مکتی مورچے کے سرکردہ لیڈر چمپئی سورین رانچی میں اِس مہینے کی 30 تاریخ کو BJP میں شامل ہوں گے۔ آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت

بسوا سرما نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اِس بات کی جانکاری دی ہے۔ وہ جھارکھنڈ کے لیے BJP کے چناؤ امور کے شریک انچارج بھی ہیں۔

جناب چمپئی سورین نے کَل نئی دلی میں جناب سرما کے ساتھ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقات کی۔ چمپئی سورین نے حال ہی میں جھارکھنڈ مکتی مورچے کے لیڈروں پر ان کی توہین کرنے کا الزام لگایا تھا۔x

Varanasi Job Fair

وزیراعظم نریندر مودی کے پارلیمانی حلقے وارانسی میں آج ایک منفرد روزگار میلے کا اہتمام کیا جا رہا ہے، جس سے خطے کے نوجوانوں کو نہ صرف ملک میں پرائیویٹ اور سرکاری سیکٹر بلکہ بیرونِ ملک بھی روزگار حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔

وارانسی کے علاقائی روزگار دفتر میں ہونے والے اِس Job Fair کا مقصد بے روزگار نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا ہے اور کئی قومی کمپنیوں کے ساتھ ساتھ کثیر ملکی کمپنیاں بھی اس میں حصہ لے رہی ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

Task Force Meeting

طبی شعبے سے وابستہ پیشہ ور افراد اور اہلکاروں کے تحفظ، سلامتی اور کام کرنے کے حالات سے متعلق سفارشات کے لیے سپریم کورٹ نے جو، قومی ٹاسک فورس بنائی ہے، اُس کی پہلی میٹنگ آج ہونے والی ہے۔ کابینہ سکریٹری اس میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

ٹاسک فورس کے ارکان میں مرکزی داخلہ سکریٹری، نیشنل میڈیکل کمیشن کے چیئرپرسن، سرجن وائس ایڈمیرل R.Sarin، ایمس کے ڈائریکٹر، ڈاکٹر ایم شری نواس اور ایمس کےNeurology محکمے کی سابق پروفیسر ڈاکٹر پدما سری واستو شامل ہیں۔

عدالت عالیہ نے کولکاتہ کے آر۔جی۔کر میڈیکل کالج اسپتال میں ایک خاتون ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کیس کی سماعت کرتے ہوئے طبی پیشہ ور افراد کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے قومی ٹاسک فورس قائم کی تھی۔ سپریم کورٹ نے ٹاسک فورس کو ہدایت

دی تھی کہ وہ تین ہفتے کے اندر اندر عبوری رپورٹ اور دو مہینے کے اندر اندر حتمی رپورٹ پیش کرے۔x

Chhattisgarh - Maoists Surrender

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں 25 ماؤنوازوں نے خود سپردگی کردی ہے۔ انھوں نے کَل ضلعے کے پولیس سپرنٹنڈنٹ اور CRPF کے DIG کے سامنے خود سپردگی کی۔ اِن ماؤنوازوں پر کُل 29 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ اِن میں سے 3 ماؤنوازوں پر 8-8 لاکھ روپے، ایک پر 3 لاکھ روپے اور دیگر 2 پر ایک-ایک لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ پولیس کے سپرنٹنڈنٹ نے کہا ہے کہ چھتیس گڑھ حکومت کی باز آبادکاری پالیسی کے تحت اِن ماؤنوازوں میں سے ہر ایک کو 25-25 ہزار روپے فراہم کئے گئے ہیں۔×

FSSAI Adivsory Withdrawn

بھارت کی خوراک کے تحفظ اور معیارات سے متعلق اتھارٹی نے اپنی اُس حالیہ ایڈوائزری کو واپس لے لیا ہے، جس کے تحت کاروباری اداروں سے دودھ اور دودھ کی اشیاء کے پیکٹوں پر سے A1 اور A2 دودھ کی قسم کے دعووں کو ہٹانے کی ہدایت دی گئی تھی۔ FSSAI نے کہا ہے کہ فریقوں کے ساتھ مزید صلاح و مشورہ کرنے کے تناظر میں یہ ایڈوائزری واپس لی گئی ہے۔×

Gujarat - Rains

بھارتی موسمیاتی محکمے نے آج گجرات کے مختلف اضلاع میں شدید سے بہت شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ راجستھان میں بنے ہوا کے گہرے دباؤ کے حلقے کے سبب گجرات میں دور-دور تک بارش ہوسکتی ہے۔ پچھلے دو روز سے شدید بارش کے سبب ریاست کے مختلف حصوں میں بڑے پیمانے پر پانی بھرنے کی اطلاع ہے، جس سے معمولاتِ زندگی متاثر ہوئے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

*V/C - Aparna Khunt شدید بارش کے نتیجے میں ریاست کے کئی حصوں میں سیلاب کی سی صورتحال پیدا ہوگئی ہے، جس سے ٹریفک اور ٹرین خدمات متاثر ہوئے ہیں۔ خاص طور سے جنوبی گجرات میں 500 سے زیادہ سڑکوں اور مختلف شاہراہوں کو بند کردیا گیا ہے۔ جبکہ آنند سے گزرنے والی کئی ٹرینوں کو منسوخ کردیا گیا ہے۔ نشیبی علاقوں میں رہنے والے 17 ہزار سے زیادہ افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کردیا گیا ہے۔Purna, Ambika اور Vishvamitri سمیت کئی دریا خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہے ہیں۔ شدید بارش کے امکان کے مد نظر آج ریاست میں سبھی پرائمری اسکول بند رہیں گے۔*

*احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں کلیم احمد۔*

Tripura Flood

تریپورہ میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں راحت کارروائی زور و شور سے جاری ہے۔ ریاستی سرکار نے تباہ کُن سیلاب سے سڑکوں، پُلوں اور ندی نالوں کو ہونے والے نقصان کا جو تخمینہ لگایا ہے، وہ ایک ہزار 825 کروڑ روپے تک پہنچ گیا ہے۔ سڑکوں اور پُلوں کے رکھ رکھاؤ کے سالانہ بجٹ کا یہ قریب قریب چھ گنا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

*V/C - Kunal Shinde*

*تریپورہ کے وزیر اعلیٰ مانِک ساہا نے اعلان کیا ہے کہ اترپردیش کے اُن کے ہم منصب یوگی آدتیہ ناتھ وزیراعلیٰ کے امدادی فنڈ کے لیے دس کروڑ روپے دیں گے تاکہ قدرتی آفت کی تباہ کاری کے بعد بحالی کے کام کے لیے ریاست کی معاونت کی جا سکے۔ اِس کے علاوہ مختلف تنظیموں، سماجی اداروں، ڈاکٹروں اور دیگر لوگوں نے سیلاب کے تناظر میں امدادی کوششوں میں ہاتھ بٹاکر مدد کی ہے۔*

*دوسری طرف تریپورہ سرکار نے مرکزی سرکار سے ایک بین وزارتی مرکزی ٹیم ریاست بھیجنے کی درخواست کی ہے تاکہ وہ حالیہ سیلاب سے ہونے*

*والے نقصانات کا برسرِ موقع جائزہ لے سکے۔ سرِ دست 70 ہزار لوگوں نے امدادی کیمپوں میں پناہ لے رکھی ہے۔*

*اگرتلہ سے کنال شندے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان۔*

IMD - Weather

بھارتی موسمیاتی محکمے، IMD نے آج جنوبی گجرات، سوراشٹر اور کَچھ میں کہیں کہیں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج شمالی گجرات اور جنوبی راجستھان کے کچھ مقامات پر بھی شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، اوڈیشہ، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، جھارکھنڈ اور بہار میں کَل تک کہیں کہیں شدید بارش ہوسکتی ہے۔

اِسی دوران، IMD نے گجرات اور اُس کے آس پاس، شمالی مہاراشٹر کے ساحلی علاقوں اور اِس سے متصل مشرقی وسطی بحیرہئ عرب میں اِس ماہ کی 30 تاریخ تک سمندر میں اونچی سے بہت اونچی لہریں اٹھنے کی پیشگوئی کی ہے۔ ماہی گیروں سے سمندر میں نہ جانے کو کہا گیا ہے۔×

ICC Women's T20

خواتین کے ICC ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ 2024 میں، بھارت اپنا افتتاحی میچ 4 اکتوبر کو دبئی میں نیوزی لینڈ کے خلاف کھیلے گا اور 6 اکتوبر کو اِسی مقام پر اُس کا مقابلہ اپنے روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔ بھارت کا تیسرا میچ 9 اکتوبر کو دبئی میں ہی سری لنکا کے ساتھ ہوگا اور خواتین کی بھارتی ٹیم شارجہ میں 13 اکتوبر کو دفاعی چمپئن آسٹریلیا کے خلاف اپنا گروپ مرحلے کا آخری میچ کھیلے گی۔

خواتین کا ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ بنگلہ دیش میں ہونا تھا، لیکن کچھ ہفتے قبل اِسے متحدہ عرب امارات میں منتقل کردیا گیا۔ ٹورنامنٹ کے 2 سیمی فائنل دبئی اور شارجہ میں 17 اور 18 اکتوبر کو ہوں گے۔

فائنل مقابلہ 20 اکتوبر کو دبئی میں کھیلا جائے گا۔×

WHO - MPOX

عالمی صحت تنظیم، WHO نے خطرناک MPOX بیماری کو پھیلنے سے روکنے کیلئے 6 ماہ کے عالمی کلیدی منصوبے کا آغاز کیا ہے، جس کے تحت مختلف اقدامات کئے جائیں گے۔ اِس منصوبے کا مقصد عالمی، علاقائی اور قومی سطح پر مربوط کوششوں کے ذریعے اِس بیماری کو انسان سے انسان میں پھیلنے سے روکنا ہے۔ ستمبر 2024 سے فروری 2025 تک شروع ہونے والے اور 135 ملین امریکی ڈالر کے اِس منصوبے کے تحت اِس بیماری کے پھیلنے کے سلسلے کو روکنے کیلئے اُن افراد کی جنہیں اِس کا سب سے زیادہ خطرہ ہے ٹیکہ کاری کی جائے گی۔ اِن میں حالیہ معاملات میں قریبی رابطے میں رہنے والوں اور حفظانِ صحت کے اہلکاروں کو بھی شامل کیا جائے گا۔

WHO کے مطابق 2022 کے بعد سے عالمی سطح پر 116 ملکوں سے MPOX کے 99 ہزار سے زیادہ معاملات سامنے آئے ہیں اور 208 اموات ہوئی ہیں۔×

یہ تھی خبریں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: کلیم احمد

شکریہ - ارجمند

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اہمیت کے شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزارتِ داخلہ کی جانب سے مرکز کے زیرِ انتظام لداخ میں پانچ نئے اضلاع بنائے جانے کی خبر کو نمایاں کیا ہے۔ وزیر اعظم نے لداخ کے لوگوں کو مبارکباد دی اور کہا کہ اِس سے سہولیات اور مواقع کو لوگوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔

اِسی اخبار نے سائبر فراڈ کے سلسلے میں حکومت کی جانب سے جاری کی گئی ایڈوائزری سے متعلق سرخی لگائی ہے ’فرضی ای-میل اور ای-نوٹس سے ہوشیار رہنے کی اپیل، جعلسازوں کی حرکتوں کے مد نظر حکومت نے جاری کیا الرٹ‘۔

روزنامہ انقلاب نے وقف ترمیمی بل کیلئے تشکیل JPC کی لکھنؤ میں ہوئی میٹنگ کی خبر کو نمایاں کیا ہے، جس میں JPC کے چیئرمین جگدمبیکا پال نے کہا کہ وقف ترمیمی ایکٹ لانے کا مقصد، اِس کی اصلاح ہے، اوقاف کا استعمال، غریب خواتین، بچوں، صحت اور تعلیم کیلئے کئے جائیں۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے ایکویلنس آف بورڈس، رپورٹ پیش کئے جانے سے متعلق شہ سرخی لگائی ہے۔ 12ویں کی حتمی مارک شیٹ میں تبدیلی کا امکان، 9ویں، 10ویں اور 11ویں کے نتائج بھی 12ویں جماعت کی فائنل مارک شیٹ میں شامل کئے جاسکتے ہیں۔

★★★

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی نے امریکہ کے صدر جوبائیڈن کے ساتھ فون پر گفتگو کی اور یوکرین اور بنگلہ دیش کے حالات پر تبادلہئ خیال کیا۔

2 وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور برازیل کے اُن کے ہم منصب Mauro Vieira آج نئی دلی میں بھارت- برازیل مشترکہ کمیشن کی نویں میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔

3 جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہوجائے گا۔

4 طبی شعبے سے وابستہ افراد اور اہلکاروں کے تحفظ، سلامتی اور کام کرنے کے حالات سے متعلق قومی ٹاسک فورس کی پہلی میٹنگ آج ہونے والی ہے۔

5 چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلعے میں 25 ماؤنوازوں نے خود سپردگی کردی ہے۔

6 اور

کرکٹ میں خواتین کے ICC ٹی۔ٹوئینٹی ورلڈ کپ میں دبئی میں بھارت اپنا پہلا میچ چار اکتوبر کو نیوزی لینڈکے خلاف کھیلے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------